شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

20جنوری2025ء

پریس ریلیز

ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے کبھی اسرائیل کے ساتھ مکالمے کی حمایت نہیں کی۔

ڈاکٹر نسیم اشرف کی کتاب میں ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے حوالے سے یہ بات خلافِ واقعہ ہے۔

ایک بڑے قومی اخبار میں شائع ہونے والی ڈاکٹر نسیم اشرف کی کتاب میں ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے حوالے سے یہ بات غلط بیانی پر مبنی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ڈاکٹر اسرار احمدؒ نے کبھی اسرائیل کے ساتھ مکالمے کی حمایت نہیں کی۔ ڈاکٹر نسیم اشرف کی کتاب میں ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے حوالے سے یہ بات خلافِ واقعہ ہے۔ ایک بڑے قومی اخبار میں شائع ہونے والی ڈاکٹر نسیم اشرف کی کتاب میں ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے حوالے سے یہ بات غلط بیانی پر مبنی ہے۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ اگر ڈاکٹر نسیم اشرف کی کتاب جس کی رونمائی کل ہوگی اُس میں درج بانیٔ تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ سے منسوب یہ دعویٰ کہ اُنہوں نے پاکستان کے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے حوالے سے کسی مکالمے کی حمایت کی تھی موجود ہے تو یہ خلافِ حقیقت ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بانیٔ تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ساری عمر ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کی کھلم کُھلا مخالفت میں گزری اور اُن کا مستقل موٴقف تھا کہ اگر ساری دنیا بھی اسرائیل کو تسلیم کر لے تو پاکستان کبھی ناجائز صہیونی ریاست کو تسلیم نہ کرے۔ اِس حوالے سے اُن کی ایک نہیں سینکڑوں تقریریں اور تحریریں ریکارڈ کا حصّہ ہیں۔ تنظیم اسلامی آج بھی بانیٔ تنظیم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے اس موٴقف پر قائم ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے حوالے سے اس غلط بیانی پر تنظیم اسلامی کتاب کے مصنف اور اس میں موجود خلافِ واقع مواد کی تشہیر کرنے والے ادارے دونوں کے حوالے سے قانونی چارہ جوئی اور احتجاج کا حق رکھتی ہے۔اس حوالے سے مزید لائحہ عمل بھی اختیار کیا جائے گا۔ان شاءاللہ!

جاری کردہ

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان